یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس کمیونیٹی ریلیشنز سروس

امریکی مسلمانوں کے ساتھ تعلقات بنانا اور شرکت کرنا۔

یو ایس محکمہ انصاف کا کمیونیٹی ریلیشنزپروگرام (سی آر ایس) *امریکی مسلمانوں کے ساتھ تعلقات بنانا اور شراکت کرنا*، ماہرین موضوعا تی ماہرین کی سربراہی میں، شرکأ کی موجودگی میں مکمل کیا جانے والا تین گھنٹے کا تربیتی پروگرام ہے۔

اس پروگرام کو قانون نافض کرنے والے اداروں، سرکاری اہلکاروں، اور شہری اور برادری کے قآیدین کو امریکی مسلمانوں کے رسم و رواج اور ثقافت کی فہم حاصل کرنے کی غرض سے تشکیل دیا گیا ھے،جس میں کہ ان کی برادری پر اثر انداز ہونے والے دینی طور طریقے اور شہری حقوق کے مسأئل بھی شامل ہیں۔

ہمارا ملک تنوع سے مالامال ہے۔ مختلف برادریوں کے رسم و رواج اور ثقافت کو سمجھنا اکثر دشواراورپیچیدہ ہوتا ہے۔ پولیس افسران، ہنگامی حالات میں پہلے رابطہ کرنے والے، اور دیگر سرکاری افسران ، اور ان کے ساتھ ساتھ برادری کے، اور شہری حقوق، مزہب، اور اسکول اور قبائل کے قائدین، جو کہ امریکی مسلمان برادری کی خدمت کرتے ہیں، امریکی مسلمانوں کی ثقافتی حساسیت کو سمجھ کر، اور ان کے ساتھ تعلقات قائم کرنے کے بہترین طریقوں پر عمل کر کے، ان کے ساتھ مظبوط تعلقات قائم کرسکتے ہیں، اور بہتر روابط رکھ سکتے ہیں۔

پروگرام کا جائزہ

برادری کے ساتھ مشغولات کی منصوبہ بندی

یہ سبق برادری کے ساتھ مشغول ہونے کے لاحئہ عمل کی نشاندہی کرتا ہے، جس سے کہ امریکی مسلمانوں کے ساتھ بہترین عمل کی ذریعے مزید تعلقات بڑھائے جا سکیں، اور قانون نافظ کرنے والے اداروں، سرکاری اہلکاروں، اور امریکی مسلمانوں کے مابین شرکت کے فوائد پر روشنی ڈالتا ہے۔

آگہی اور افہام و تفہیم قائم کرنا

یہ سبق امریکی مسلمانوں کے مزہب کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے، اوربتاتا ہے کہ ان کے روز مرہ کے معملات پر کونسی باتیں اثر انداز ہوتی ہیں، تاکہ غلط فہمیوں اور دقیانوسی تصورات سے گریز کیا جا سکے، اور ساتھ ہی اس میں ہم آہنگ سماجی طور طریقوں کی بھی نشاندہی کی گیئ ہے۔

برادری کے بارے میں آگاہی کی اہمیت

برادری کے بارے میں آگاہی ہونے سے برادری کے لوگوں کے ساتھ باخبر طور پر ملنا جلنا ممکن ہوتا ہے۔

اس سبق میں باتایا گیا ہے کہ دینی اور مزہبی باتوں کی سمجھ کس طرح برادری میں بہتر میل جول کا باعث بنتی ہے، اورساتھ ہی اس میں امریکی مسلمانوں پر اثر انداز ہونے والے مسائل کی تفصیل بھی بتائی گئی ہے۔

ٹریننگ کے فوائد

تعاون اور سازگار بات چیت کی سہولیات کی فراہمی

باہمی احترام کا قیام

حفاظت میں اضافہ

مضبوط شرکت سے عوامی اعتماد کا حصول

سی آر ایس کے متعلق

شہری حقوق ایکٹ 1964 کے ٹائٹل نمبر10 کے تحت بننے، اور میتھیو شیپرڈ اور جیمز بئرڈ جونیر کے نفرت کی بنیاد پر کئے گئے جرائم کی روک تھام کے 2009 کے ایکٹ کے تحت توسیع کی گئی سی آر ایس، امریکہ میں ان برادریوں کے لیئے امن بنانے کا کردارادا کرتی ہے جوکہ رنگ و نسل، اصل قومی پہچان، صنف،صنفی شناخت،جنسی رجحان، مزہب، یا معزوری کی بنا پر تناؤ یا تنازعات کا شکار ہیں۔
سی آرایس کی خدمات کا مقصد مقامی برادریوں کی مستقبل میں پیش آنے والے تنازعات کو ازادانہ طور پر، اور باہمی تعاون سے حل کرنے کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔

.

سی آرایس کی خدمات اور پروگرام

سی آرسی تناؤ کی شکار برادریوں کو کئی پروگرام فراہم کرتی ہے جو کہ افہام تفہیم اور باہمی تعاون پیدا کرنے، اور مستقبل کے اختلافات دور کرنے کے لیئے آلائے کار ہوتی ہیں۔ سی آرسی کے عملے کے ارکان پیشاورانہ ثالثین، سہولت کار، ٹرینر اور مشیر ہوتے ہیں، جو کہ برادریوں کےارکان کواکھٹا رکھنے کا تجربہ رکھتے ہیں، تاکہ ان کی موجودہ تنازعات حل کرنے، اور مستبل کے تنازعات روکنے کی صلاحیت کو بڑھا سکیں۔

.

ہم کہاں کام کرتے ہیں

سی آر ایس ہیڈ کواٹر
واشنگٹن، ڈی سی

سی آر ایس علاقائی دفاتر

نیو انگلینڈ
بسٹن، ایم اے

مڈ ویسٹ
شکاگو، آئی ایل

ویسٹرن
لاس انجلس، سی اے

نارتھ ایسٹ
نیویارک،این وائے

ساؤتھ ویسٹ
ڈیلس، ٹی ایکس

نارتھ ویسٹ
سیاٹل، ڈبلیو اے

اٹلانٹک
فلیڈلفیا،پی اے

سینٹرل
کنسس سٹی، ایم او

سی آر ایس فیلڈ آفس
میامی، ایف ایل
ڈیٹرائٹ،ایم آئی
ہیوسٹن، ٹی ایکس
سان فرانسسکو،

ساؤتھ ایسٹ
اٹلانٹا، جی اے

روکی ماؤنٹن
ڈینور، سی او

الاسکا
ہوائی
پورتو ریکو اور ورجن آئیلینڈز
گوام

ہمیں پائیے، اورہم سے رابطہ رکھیئے

www.justice.gov/crs

facebook.com/DOJCRS/ @DOJ_CRS askcrs@usdoj.gov 202.305.2935

اس پروگرام اور سی آر ایس کی دیگر خدمات کی معلومات حاصل کرنے کیلئے، براہِ کرم اپنے مقامی سی آر ایس کے دفتر سے رجوع کیجئے:
https://www.justice.gov/crs/about-crs/regional-and-field-offices